# 23-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندوستان آرٹیفیشل انٹلیجنس کے میدان میں تیزی سے حرکیاتی پہچان بنا رہا ہے۔

۲۔ناگرکرنول ضلع میں ایس ایل بی سی کی سرنگ میں امدادی آپریشن زوروشور سے جاری ہے جہاں 8 لوگ پھنسے ہوئے ہیں۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی یادگیری گٹہ کے لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں سنہرے ویمانا گوپورم کی رونمائی انجام دی۔

اور

۴۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ووٹرس سے کہا ہے کہ وہ گریجویٹس اور ٹیچرس کے ایم ایل سی چناؤ میں بی جے پی امیدواروں کی تائیدی کریں۔

MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ہندوستان آرٹیفیشل انٹلیجنس کے شعبہ میں تیزی سے ایک حرکیاتی پہچان بنا رہا ہے۔ آکاش وانی پر اپنے من کی بات پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ حال ہی میں اے آئی ایکشن سمٹ کے لئے ان کے پیرس دورہ کے دوران دنیا میں اِس شعبہ میں ہندوستان کی ترقی کی تعریف کی ہے۔مودی نے تلنگانہ کے عادل آباد کے ایک سرکاری اسکول میں تھوڈاسم کیلاس نامی ایک ٹیچر کی طرف سے آرٹیفیشل انٹلیجنس آلوں کا استعمال کرتے ہوئے کولامی زبان میں گیت تیار کرنے کا ذکر کیا۔

وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستان کے خلائی سفر میں ہر قدم پر چیلنجوں کو پار کیا ہے اور اب شاندار کامیابی حاصل کررہا ہے۔ انہوں نے خاتون سائنسدانوں کی بڑھتی ہوئی شرکت کا ذکر کیا اور اس بات کو نمایاں کیا کہ کس طرح خلاء کا شعبہ ملک کے نوجوانوں کے لئے ایک بہترین پلیٹ فارم بن رہا ہے۔

وزیراعظم نے اعلان کیا کہ 8 مارچ کو عورتوں کے عالمی دن کے موقع پر وہ اپنے سوشیل میڈیا اکاؤنٹس ان عورتوں کے حوالے کریں گے جنہوں نے الگ الگ شعبوں میں کامیابی حاصل کی ہے اور خاص پہچان بنائی ہے۔اس دن یہ عورتیں ان کے پلیٹ فارمس کے ذریعہ ملک کے عوام کو اپنے تجربے بتائیں گے۔

وزیراعظم نے کہا کہ موٹاپہ آج صحت کا ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔انہوں نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ چھوٹی کوششوں کے ذریعہ اِس چیالنج سے نمٹیں۔انہوں نے کہا کہ 10 فیصد تیل کے استعمال کو کم کرتے ہوئے اس مسئلہ کا اثردار حل نکالا جاسکتا ہے۔

ایک ایسے وقت جب امتحانوں کا سیزن شروع ہورہا ہے وزیراعظم نے طالب علموں سے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے طالب علموں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ تناؤ سے پاک مثبت ذہن کے ساتھ امتحان لکھیں۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ پرکشا پہ چرچا پہل اب ایک منظّم پروگرام بن گیا ہے۔

MKB - THODASAM KAILASH:

تلنگانہ کے عادل آباد ضلع کے اندرویلی بلاک کے گاؤں گوراپور کے سائنس ٹیچر تھوڈاسم کیلاش نے آکاش وانی کے من کی بات پروگرام میں وزیراعظم کی طرف سے ان کا نام لئے جانے پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کئی کارنامے انجام دئے ہیں، جن میں آرٹیفیشل انٹلیجنس کی مدد سے کولامی زبان میں گیت گانا اور گونڈی زبان میں مہابھارت لکھنا شامل ہے۔ انہوں نے من کی بات میں ان کی کوششوں کو اہمیت دینے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔

MKB - REACTION:

الگ الگ لوگوں نے آکاش وانی کو بتایا کہ وزیراعظم نے اپنے من کی بات خطاب میں جن موضوعات کا ذکر کیا ہے وہ معلوماتی اور بصیرت افروز تھے۔

ANNOUCEMENT:

آکاش وانی آج رات آٹھ بجے وزیراعظم کے من کی بات کا تلگو ترجمہ پیش کرے گی۔

CM-TEMPLE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج یادگیری گٹہ کے لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں سنہرے ویمانا گوپورم کی رونمائی انجام دی۔ یہ ویمانا گوپورم 50.5 فٹ اونچا ہے اور اس پراجکٹ کے لئے 80 کروڑ روپے کے خرچ سے 68 کلوگرام سونا استعمال کیا گیا ہے۔ اسے مندر کے گربھ گرہا پر سب سے اونچا ویمانا گوپورم سمجھا جارہا ہے۔ اس کی چاروں طرف سونے کی پرت ہے جس طرح آندھرا پردیش کے ترملا کے وینکٹیشورا سوامی مندر میں ہے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ووٹرس سے کہا ہے کہ وہ اس مہینہ کی 27 تاریخ کو گریجویٹ اور ٹیچرس حلقہ کے ایم ایل سی چناؤ میں بی جے پی امیدواروں کی تائید کریں۔ انہوں نے عادل آباد میں اہم شخصیتوں اور دانشوروں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریمارک کیا کہ بی آر ایس کو بے دخل کرنے کے لئے عوام نے 10 سال لئے لیکن محض 14 مہینوں میں کانگریس حکومت سے بیزارگی شروع ہوگئی ہے۔ انہوں نے کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان کے وعدے کھوکھلے ثابت ہوئے اور ان کا ابھئے استھم یعنی یقینی ہاتھ مونڈی ہستم یعنی سخت ہاتھ میں تبدیل ہوگیا ہے۔

SAKSHAM (MUST)

سکشم مہم کے تحت تیل کی صنعت نے آج صبح حیدرآباد میں سائیکلوتھون میزبانی کی۔ یہ سائیکلوتھون نارسنگی سائیکلنگ ہب سے پانچ کلومیٹر تک رکھا گیا۔سی جی ایم، ایچ پی سی ایل راجپانے اس موقع پر شریک ہونے والے تمام لوگوں کوسکشم حلف دلایا۔سینئرعہدیداروں نے جن میں ایچ پی سی ایل کے رویندرکماراورکلیانی بھی تھے۔سکشم اورسائیکلوتھون کے مقصداوراہمیت کے بارے میں بتایا۔اس مہم کا مقصدعوام میں فیول کی بچت کےتعلق سے بیداری پیدا کرنا ہے۔

ARREST:

پولیس نے بھوپالا پلی میں سماجی کارکن راجالنگا مورتی کےقتل کے سلسلہ میں شک کی بنیاد پر8لوگوں کوگرفتارکیاہےجبکہ3اب بھی فرارہے۔راجہ لنگامورتی کاچاردن پہلےقتل کیا گیا تھا۔جنہوں نے میڈی گڈہ بیریج کے بارے میں ایک کیس درج کرایا تھا۔

HOLLIDAY:

سنت سیوالال مہاراج جینتی تقریبات کے مدنظرکل عادل آباد ضلع کےتعلیمی اداروں کے لئے سرکاری تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔اس کے بجائے12اپریل کودوسرے ہفتہ کےدن کام کادن ہوگا۔

METRO:

ایرپورٹ روٹ پر میٹرو راہ داری کا آج ایم ڈی، این ڈی ایس ریڈی نے معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ایرپورٹ سے Raviryal کےراستہ سے گرین کوریڈورکی تعمیرکی جائے گی۔ یہ کام مکمل ہونے کے بعدایرپورٹ سے فیوچرسٹی کا سفرصرف چالیس منٹ کاہوجائے گا۔

SLBC:

ناگرکرنول ضلع کی ایس ایل بی سی سرنگ میں مدد کےکام تیزی سے جاری ہیں۔14 کلومیٹرکی دوری پراس سرنگ کی چھت گر گئی تھی اورامدادی ٹیمیں13.5 کلومیٹرتک پہنچ گئی ہیں لیکن ریت بھرجانے کی وجہ سے آگے بڑھنے میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں۔ پھنسے ہوئے لوگوں میں دوانجینئرس، دوآپریٹرس اور چارمزدور ہیں۔این ڈی آر ایف کے ساتھ فوج سنگارینی اور ہائیڈرا کی ٹیمیں امدادی آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں۔میڈیکل ٹیموں کو تیار رکھا گیا ہے۔ ریاستی وزیراتم کمارریڈی اور جوپلاکرشناراؤصورتحال کی نگرانی کررہے ہیں۔

SRIDHAR BABU:

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ اسمبلی میں جلد ہی پسماندہ طبقوں کے لئے 42 فیصد تحفظات کے لئے قرارداد پیش کی جائے گی۔انہوں نے اس مسئلہ پر بی جے پی کا موقف جاننا چاہا اور سوال کیا کہ کیا وہ پارلیمنٹ میں دستور میں ترمیم کریں گے۔ایم ایل سی چناؤ کی مہم کے سلسلہ میں کریم نگر میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت سماج کے تمام طبقوں کے فائدہ کے لئے بھلائی کے پروگراموں پر عمل کر رہی ہے۔